# 10526 ـ رمضان کی ابتدا میں خیراتی تنظیم کو فطرانہ کی قیمت ادا کر دي

### سوال

کیا کسی خیراتی تنظیم کے لیے رمضان کے ابتدا میں فطرانہ کی رقم لینی جائز ہے، تا کہ حسب استطاعت اس سے مستفید ہوا جا سکے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب علاقے اور ملك ميں فقراء و مساكين ناپيد ہو جائيں يا پھر جو لوگ زكاۃ اور فطرانہ ليتے تھے انہيں ضرورت نہ ہو يا وہ نہ كھاتے ہوں بلكہ وہ اسے نصف قيمت مين فروخت كرنا شروع كر ديں اور فطرانہ تقسيم كرنے كے ليے كھانے والے فقراء كى تلاش مشكل ہو جائے تو پھر اسے علاقے سے منتقل كرنا جائز ہے، اور رمضان كى ابتداء ميں ہى اس كى قيمت وكيل كو ادا كرنى جائز ہے تا كہ وہ خريد كر وقت كے مطابق مستحقين تك پہنچا سكے، يعنى عيد كى رات يا عيد سے ايك يا دو يوم قبل ادا كر سكے" واللہ اعلم.